پریس ریلیز

آج مورخہ 29 جولائی 2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کی مسٹر کیلون لے ڈائریکٹر چائلڈ لائٹ، ڈونگلاس مارشل نمائندہ ارشد علی فاروقی ڈائریکٹر , UPSCALE علی ریحان ایسوسی ایٹ , UPSCALE ، مسٹر عمر ایڈوائزر (BHC) چائلڈ لائٹ، باوالسن ڈاکٹر انعام وحید ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس سے بچوں کے ساتھ جنسی استحصال کی روک تھام کے , HR ا یمپلمینٹیشن، احمد سعید ڈائریکٹر حوالے سے ملاقات۔ جس میں بچوں کے ساتھ زیادتی اور فحش نگاری کو روکنے اور ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے فوجداری نظام انصاف میں بہتری، پاکستان میں بچوں اور خواتین کے حقوق اور فلاح و بہبود کے فروغ اور تحفظ، متاثرہ بچوں کی ذہنی بحالی بشمول تعلیم، صحت، غذائیت، تحفظ، کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ وزیر اعلٰی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق بچوں وخواتین کے جنسی استحصال اور ان کے حقوق کے کیسز ہماری سب سے اہم ترجیح ہے۔ اس حوالے سے محکمہ پراسیکیوشن، پولیس اور دیگر ادارے ساتھ مل کر کام کر رہے ہیں۔ جس کے پہلے مرحلے میں فوجداری نظام انصاف کے تمام سٹیک ھولڈرز کی آپس میں انٹیگریشن کی گئی ہے۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا کہنا تھا کہ وزیر اعلٰی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کی ہدایات کے مطابق، میں نے پراسیکیوشن کے کیس فلو مینجمنٹ سسٹم میں بچوں اور خواتین کے جنسی استحصال کے کیسز کا الگ سے ڈیش بورڈ بنوایا ہے اور میں خود ان کیسز کی نگرانی کر رہا ہوں۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ بچوں کے جنسی استحصال کی روک تھام کے لئے پراسیکیوشن، پولیس اور ایف آئی اے کو مل کر کام کرنا ہو گا۔ محکمہ پراسیکیوشن کے افسران محدود وسائل کے باوجود بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے کیلون لے ڈائریکٹر چائلڈ لائٹ کو یقین دہانی کروائی کہ محکمہ پراسیکیوشن بچوں کے جنسی استحصال کی روک تھام اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتا آرہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

محمد نوید الظفر (انچارج میڈیا سیل)